# دہلی آلودگی: حکومت سے فوری ایکشن کا مطالبہ

## سونیا کی قیادت میں حزبِ اختلاف کا پارلیمنٹ احاطہ میں احتجاج

نئی دہلی: دہلی کی بگڑتی ہوئی فضائی کیفیت کے خلاف جمعرات کو سونیا گاندھی کی قیادت میں حزبِ اختلاف نے پارلیمنٹ کے احاطہ میں احتجاج کیا۔ سونیا گاندھی، پرینکا گاندھی اور پارٹی صدر ملکارجن کھڑگے نے ماسک پہنے اراکین کے ساتھ زہریلی ہوا کے مسئلے پر حکومت کی بے عملی پر شدید تشویش ظاہر کی اور فوری عملی اقدام کا مطالبہ کیا۔ احتجاج کے دوران سونیا گاندھی نے کہا کہ دہلی کی آلودہ فضا بچوں، بزرگوں اور سانس کے مریضوں کے لیے سنگین خطرہ بن چکی ہے، مگر حکومت تاحال کوئی مؤثر قدم نہیں اٹھا رہی۔ انہوں نے زور دیا کہ یہ مسئلہ سیاسی نہیں بلکہ عوامی صحت سے جڑا ہوا ہے اور حکومت کی ذمہ داری ہے کہ فوری طور پر جامع حکمتِ عملی پیش کرے۔ پرینکا گاندھی نے وزیرِاعظم کے ایک حالیہ تبصرے پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ ”کس موسم کا مزہ لیں؟ باہر کی حالت دیکھیے، بچے سانس نہیں لے پا رہے۔“ انہوں نے کہا کہ ہر سال آلودگی کی شدت میں اضافہ ہوتا ہے لیکن عملی قدم نہ ہونے کے باعث عوام کی مشکلات برقرار رہتی ہیں۔ پرینکا گاندھی کا کہنا تھا کہ حزبِ اختلاف ہر سنجیدہ کوشش میں حکومت کو تعاون دینے کے لیے تیار ہے، بشرطیکہ حکومت حقیقتاً کوئی قدم اٹھائے۔ ملکارجن کھڑگے نے اپنے بیان میں کہا کہ آلودگی محض موسمی مسئلہ نہیں بلکہ ایک گہرا صحت کا بحران ہے جو لاکھوں لوگوں پر اثر انداز ہو رہا ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ حکومت پارلیمنٹ میں تفصیلی بحث کرائے اور ایک ایسی حکمتِ عملی وضع کرے جو فوری اور طویل مدتی ضروریات کو پورا کرے۔ پارلیمنٹ کے مکر دروازے کے نزدیک ہونے والے احتجاج میں اپوزیشن کے اراکین نے ایک بڑا بینر تھام رکھا تھا جس میں آلودگی کی سنگینی اور حکومت کی غفلت پر تنقیدی جملے درج تھے۔ اراکین نے نعرے بھی لگائے اور اس بات پر زور دیا کہ راجدھانی کی فضا ہر گزرتے دن کے ساتھ مزید خطرناک ہوتی جا رہی ہے۔ دوسری جانب جمعرات کی صبح دہلی کا فضائی معیار معمولی بہتری کے باوجود ’خراب‘ درجہ بندی میں رہا اور ماہرین نے آگاہ کیا کہ اگر فوری اقدامات نہ کیے گئے تو صورتحال کسی بھی وقت ’انتہائی خراب‘ سطح تک پہنچ سکتی ہے۔ محکمہ موسمیات نے موسم صاف رہنے کی پیش گوئی کی ہے تاہم سرد ہواؤں کے باعث آلودگی کے زیرِ اثر رہنے کا امکان برقرار ہے۔ سونیا گاندھی اور دیگر اپوزیشن رہنماؤں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ وہ بیان بازی کے بجائے عملی اقدامات کرے، تاکہ دہلی اور آس پاس کے رہنے والے لاکھوں شہریوں کو زہریلی ہوا کے مستقل خطرے سے نجات مل سکے۔ انہوں نے کہا کہ ایک متحدہ قومی حکمتِ عملی اس وقت ناگزیر ہے، اور اسے مؤخر کرنا عوام کی صحت کے ساتھ ناانصافی ہوگی۔




## مساجد اور مدارس میں کیمرے لگائیں: ارون گوول

نئی دہلی: بی جے پی کے رکنِ پارلیمنٹ ارون گوول نے جمعرات کے روز مطالبہ کیا کہ مساجد اور مدارس میں بھی سی سی ٹی وی کیمرے نصب کیے جائیں کیونکہ یہ بھی بڑے عوامی اور سماجی مقامات ہیں جہاں سیکیورٹی کو یقینی بنانا ضروری ہے۔ لوک سبھا میں وقفۂ صفر کے دوران انہوں نے کہا کہ اس وقت ملک بھر میں مندروں، گرجا گھروں، گردواروں، کالجوں، اسپتالوں، بازاروں اور زیادہ تر عوامی مقامات پر سی سی ٹی وی کیمرے لگائے جا چکے ہیں۔ گوول نے کہا کہ یہ کیمرے شفافیت، سیکیورٹی اور جرائم کی روک تھام میں انتہائی مؤثر ثابت ہوئے ہیں، ”لیکن مساجد اور مدارس میں ابھی تک یہ نظام نافذ نہیں کیا گیا“ جبکہ یہ بھی اہم عوامی و سماجی مقامات ہیں جہاں سیکیورٹی اتنی ہی ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسلام کے جائے پیدائش سعودی عرب کے مکہ میں بھی سیکیورٹی وجوہات کی بنا پر مساجد اور مدارس میں سی سی ٹی وی کیمرے لگائے گئے ہیں۔ اگر وہاں سیکیورٹی کو ترجیح دیتے ہوئے یہ نظام نافذ ہو سکتا ہے تو ہندوستان میں یکساں سیکیورٹی معیارات نافذ کرنے میں ہچکچاہٹ کیوں؟

# ویزا جاری کرنا ہر حکومت کا خودمختار حق

## امریکی ویزا قوانین سخت ہونے پر راجیہ سبھا میں وزیرِ خارجہ جے شنکر کا بیان

نئی دہلی: وزیرِ خارجہ ایس جے شنکر نے جمعرات کو راجیہ سبھا میں کہا کہ ویزا جاری کرنا ہر حکومت کا ایک خودمختار (سوَرن) حق ہے، اور امریکہ کو اپنے قومی سلامتی کے جائزے کی بنیاد پر کسی کو ویزا دینا یا نہ دینا کا اختیار حاصل ہے۔ ایوانِ بالا میں ضمنی سوالات کے جواب میں انہوں نے بتایا کہ امریکہ نے حال ہی میں — اور تازہ اعلان بدھ کو ہوا — ویزا فیصلوں کو مکمل طور پر قومی سلامتی سے متعلق فیصلہ قرار دیا ہے۔ جے شنکر نے یہ بات ایسے وقت میں کہی ہے جب امریکہ کی جانب سے ویزا ’اسکریننگ‘ نظام مزید سخت کیے جانے، اور اب درخواست گزاروں کے سوشل میڈیا اکاؤنٹس کی تفصیلی جانچ کی خبریں سامنے آنے پر تشویش ظاہر کی جا رہی ہے۔ اندازہ ہے کہ اس کا اثر بھارتی درخواست گزاروں پر بھی پڑ سکتا ہے۔ جے شنکر نے کہا، ”ویزا جاری کرنا کسی بھی حکومت کا خودمختار حق ہے۔ امریکہ کے معاملے میں، ان کا واضح موقف ہے — اور کل کا اعلان اس کی مثال ہے کہ ہر ویزا فیصلہ ایک قومی سلامتی کا فیصلہ ہے۔ اس لیے وہ کسی شخص کی قومی سلامتی سے متعلق حیثیت کا جائزہ لے کر ویزا پر فیصلہ کرنے کا حق محفوظ رکھتے ہیں۔“ انہوں نے بتایا کہ امریکی حکومت نے عوامی طور پر کہا ہے کہ طالب علموں کے ویزا کے معاملات میں وہ تمام درخواست گزاروں سے اپنے سوشل میڈیا اکاؤنٹس کی پرائیویسی سیٹنگ ’پبلک‘ (عام) کرنے کو کہیں گے تاکہ وہ درخواست دینے والوں کی سوشل میڈیا سرگرمیوں کی مکمل جانچ کر سکیں۔ انہوں نے کہا، ”یہ ان کا عوامی طور پر اعلان کردہ مؤقف ہے۔“ ضمنی سوالات کے جواب میں جے شنکر نے بتایا کہ طلبہ کے ویزا منسوخ یا رد کیے جانے کا مسئلہ اپریل 2025 سے شروع ہوا، جب امریکی وزیرِ خارجہ نے نئی پالیسی کا اعلان کیا۔ انہوں نے کہا، ”اس کے نتیجے میں نسبتاً معمولی خلاف ورزیوں پر بھی طلبہ کے ویزا منسوخ کیے گئے۔ کئی معاملات میں ان پر خود اختیاری جلاوطنی (deportatiosnelf) کا دباؤ بھی ڈالا گیا۔“



# لینڈ فار جاب اسکیم: لالو خاندان کو عارضی راحت

نئی دہلی: بہار کے سابق وزیرِ اعلیٰ اور آر جے ڈی سپریمو لالو پرساد یادو کے خاندان کو نوکری کے بدلے زمین گھوٹالے میں جمعرات کو عارضی راحت ملی۔ دہلی کی راؤز ایونیو کورٹ نے سی بی آئی معاملے میں لالو پرساد یادو، رابڑی دیوی، تیجسوی یادو، تیج پرتاپ یادو، میسا بھارتی، ہیما یادو اور دیگر ملزمین کے خلاف الزام طے کرنے کا حکم فی الحال ٹال دیا۔ عدالت نے سی بی آئی کو ملزمین کی حیثیت کی تصدیق کرنے کا حکم دیا ہے، کیونکہ کارروائی کے دوران کچھ ملزمین کی موت ہو چکی ہے۔ کورٹ نے سی بی آئی سے اسٹیٹس رپورٹ دائر کرنے کو کہا ہے اور اگلی سماعت کی تاریخ 8 دسمبر مقرر کی ہے۔ بتایا گیا کہ سی بی آئی نے اس معاملے میں 103 افراد کو ملزم بنا کر چارج شیٹ دائر کی تھی، جن میں سے 4 افراد کارروائی کے دوران انتقال کر گئے تھے۔ یہ پورا معاملہ ریلوے میں نوکری دینے کے بدلے ریاستی حکومت کی زمین کے الاٹمنٹ میں مبینہ بے ضابطگیوں سے جڑا ہوا ہے۔ مرکزی ایجنسی کا دعویٰ ہے کہ سرکاری زمین کا استعمال لالو خاندان نے ذاتی فائدے کے لیے کیا، جبکہ زمین کا استعمال عوامی مفاد میں ہونا چاہیے تھا۔ اس سے پہلے 11 ستمبر کو عدالت نے نوکری کے بدلے زمین کے حصول کے معاملے میں اپنا فیصلہ محفوظ رکھ لیا تھا۔ لالو یادو کے سینئر وکیل منیندر سنگھ نے دلیل دی کہ یہ پورا کیس سیاسی محرکات سے چلایا جا رہا ہے تاکہ آر جے ڈی لیڈر کو بدنام کیا جا سکے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ ایسے کوئی ثبوت نہیں ملے کہ امیدواروں کو لینڈ فار جاب دی گئی ہو۔ 7 اکتوبر کو دہلی کی ایک عدالت نے لینڈ فار جاب گھوٹالے میں لالو یادو اور ان کے بیٹوں کو ایک۔ ایک لاکھ روپے کے مچلکے پر ضمانت دے دی تھی۔ اسپیشل جج وشال گوگنے نے تینوں کو ضمانت دیتے ہوئے کہا کہ تحقیقات کے دوران انہیں گرفتار نہیں کیا گیا تھا۔ عدالت نے تینوں ملزمین کو اپنے پاسپورٹ جمع کرنے کا بھی حکم دیا۔ لالو یادو کی بیٹی اور پارٹی کی رکن پارلیمنٹ میسا بھارتی بھی اس موقع پر عدالت میں موجود تھیں۔



# ہند۔روس تجارت کو زیادہ متوازن بنانے کی ضرورت ہے: پیوش گوئل

نئی دہلی: وزیرِ تجارت وصنعت پیوش گوئل نے جمعرات کو کہا کہ ہندوستان اور روس کے درمیان دوطرفہ تجارت بڑھانے اور اسے مزید متوازن بنانے کے لیے وسیع مواقع موجود ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ صارفین کی اشیا، غذائی مصنوعات، موٹر گاڑیاں، ٹریکٹر، بھاری تجارتی گاڑیاں، اسمارٹ فون جیسے الیکٹرانک آلات، صنعتی پرزے اور ٹیکسٹائل یہ وہ بڑے شعبے ہیں جن میں ہندوستان سے روس کو برآمدات بڑھانے کی بڑی صلاحیت ہے۔ فکّی کے زیرِ اہتمام ہندوستان–روس تجارتی فورم کی میٹنگ میں گوئل نے کہا کہ دوطرفہ تجارت 70 ارب امریکی ڈالر تک پہنچ رہی ہے لیکن ہم آرام سے نہیں بیٹھ سکتے، ہمیں مزید آگے بڑھنا ہوگا اور تجارت کو متوازن کرنا ہوگا۔ سال 2024–25 میں ہندوستان کی روس کو برآمدات 4.9 ارب ڈالر رہیں جبکہ درآمدات 63.8 ارب ڈالر تک پہنچ گئیں۔ اس طرح تجارت کا خسارہ تقریباً 59 ارب ڈالر رہا۔ دونوں ممالک نے 2030 تک 100 ارب امریکی ڈالر کے دوطرفہ تجارت کے ہدف کا تعین کیا ہے۔ گوئل نے کہا کہ ہندوستان سروس سیکٹر میں بھی روس کو بڑی پیشکش کر سکتا ہے۔ روسی فیڈریشن کے صدارتی دفتر کے ڈپٹی چیف آف اسٹاف میکسم اوریشکن نے میٹنگ میں کہا کہ روس کی مجموعی درآمدات میں ہندوستان کا حصہ دو فیصد سے بھی کم ہے، جسے بڑھانے کی سخت ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ زیادہ متوازن تجارت کے لیے ہندوستان کی شمولیت بڑھانا ضروری ہے۔ اوریشکن نے بتایا کہ ہندوستان زرعی مصنوعات، ادویات، ٹیلی کمیونیکیشن آلات، صنعتی پرزہ جات اور افرادی قوت — چھ بڑے شعبوں میں روس کو سپلائی بڑھا سکتا ہے۔



# اکالی دل لیڈر بکرم سنگھ مجیٹھیا کی مشکلات میں اضافہ

## درخواست ضمانت خارج، ایک اور قریبی گرفتار

چنڈی گڑھ: شرومنی اکالی دل کے لیڈر بکرم سنگھ مجیٹھیا کی مشکلات اس وقت بڑھ گئیں جب پنجاب اور ہریانہ ہائی کورٹ نے ان کی درخواست ضمانت مسترد کر دی۔ اکالی دل لیڈر مجیٹھیا اس وقت آمدنی سے زائد اثاثہ معاملے میں نابھا جیل میں بند ہیں اور ہائی کورٹ نے انہیں راحت دینے سے انکار کر دیا۔ بکرم سنگھ مجیٹھیا کو وجیلنس بیورو نے 25 جون کو آمدنی سے گرفتار کیا تھا۔ اس معاملے میں مجیٹھیا کے برادر نسبتی گجپت سنگھ گریوال بھی ایک نامزد ملزم ہیں۔ گریوال کو بھگوڑا قرار دینے کی بیورو کی عرضی پر موہالی کی عدالت میں سماعت ہوگی۔ وجیلنس بیورو اس معاملے میں چالان (چارج شیٹ) پیش کر چکا ہے۔ 15 نومبر کو موہالی کی ایک عدالت نے وجیلنس بیورو کی درخواست کی بنیاد پر گجپت سنگھ کے خلاف غیر ضمانتی وارنٹ جاری کیا تھا، جسے 29 نومبر تک تعمیل کیا جانا تھا مگر ابھی تک ایسا نہیں ہو سکا۔ اس کے بعد وجیلنس بیورو نے گجپت سنگھ گریوال کو مفرور قرار دینے کے لیے عدالت میں درخواست دائر کی تھی۔ عدالت کی طرف سے ان کے وکیل سے جواب طلب کیا گیا ہے، اگر پیر تک جواب داخل نہیں کیا جاتا ہے تو اسے مفرور قرار دینے کی کارروائی شروع کر دی جائے گی۔ جانچ ایجنسی کا دعویٰ ہے کہ اس نے مجیٹھیا اور ان کے خاندان سے متعلق گزشتہ 10 سال کے مالیاتی ریکارڈ کی گہرائی سے جانچ کی ہے۔ اس دوران تقریباً 400 بینک کھاتوں کی تفتیش کی گئی ہے۔ کیس کو مضبوط بنانے کے لیے کم سے کم 200 گواہ تیار کئے گئے ہیں۔ مجیٹھیا کے ساتھ ساتھ ان کے قریبیوں پر بھی شکنجہ کستا جا رہا ہے۔ پنجاب وجیلنس بیورو نے ان کے قریبی ہرپریت گلاٹی کو بھی گرفتار کر لیا ہے۔ گلاٹی پر الزام ہے کہ اس کی الگ الگ شراب کمپنیوں کے ذریعہ کے پیسوں کا لین دین کیا گیا تھا۔ ان کمپنیوں کے ذریعے گلاٹی اور مجیٹھیا نے شملہ اور دہلی سمیت کئی شہروں میں غیر قانونی اثاثے حاصل کئے تھے۔ اتوار کو اسے عدالت میں پیش کر کے 6 دن کی پولیس حراست لیا گیا ہے۔ دوران سماعت گلاٹی کے وکیل نے عدالت میں دلیل دی کہ پہلے وجیلنس بیورو کی طرف سے اسے سرکاری گواہ بنایا گیا تھا۔



# الیکشن کمیشن ایس آئی آر پر شکوک وشبہات دور کرے: عمر عبداللہ

سری نگر: جموں و کشمیر کے وزیرِ اعلیٰ عمر عبداللہ نے جمعرات کو کہا کہ ہندوستانی انتخابی کمیشن کو خصوصی گہری نظرِ ثانی سے متعلق سیاسی جماعتوں کے خدشات دور کرنے کے لیے ایک میٹنگ بلانی چاہیے۔ عمر عبداللہ نے فوج کی جے اے کے ایل آئی رجمنٹ کی پاسنگ آؤٹ پریڈ کے موقع پر صحافیوں سے بات کرتے ہوئے کہا کہ کچھ خدشات موجود ہیں، اور بہتر ہوگا کہ انتخابی کمیشن ہم جیسے لوگوں کو بلا کر یہ سمجھائے کہ ایس آئی آر اصل میں ہے کیا، کیونکہ ہم نے دیکھا ہے کہ مشینوں کے ذریعے انتخابات میں چوری تو نہیں ہوتی، لیکن ان میں ہیرا پھیری ضرور ممکن ہے۔ عمر عبداللہ نے جموں و کشمیر میں 2023 کی حد بندی کو انتخابات میں ہیرا پھیری قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ آپ نے سیاسی فائدے کے لیے سات سیٹیں بنائیں، جس سے صرف ایک ہی پارٹی یا اس کے اتحادیوں کو فائدہ ہوا۔ انتخابات میں اسی طرح ہیرا پھیری کی جاتی ہے۔ اسی لیے ایس آئی آر کو لے کر خدشات ہیں کہ اس کے ذریعے بھی انتخابات میں مداخلت ہو سکتی ہے۔ وزیرِ اعلیٰ نے پریڈ میں شامل تقریباً 713 نوجوانوں کو جے اے کے ایل آئی میں شمولیت پر مبارک باد دی۔ انہوں نے کہا کہ جے اے کے ایل آئی کا جموں و کشمیر کے ساتھ گہرا تعلق ہے، کیونکہ یہ ملک کی سرحدوں کی حفاظت کرتا ہے۔ روسی صدر ولادیمیر پوتن کے جمعرات کو ہندوستان پہنچنے پر عمر عبداللہ نے کہا کہ نئی دہلی اور ماسکو کے درمیان تعلقات بہت پرانے اور مضبوط ہیں۔ انہوں نے کہا کہ روس کے ساتھ ہمارے بہت قدیم اور گہرے تعلقات ہیں۔ جب ہمارے پڑوسیوں نے ہندوستان کے خلاف سازشیں کیں، جنگ کی یا حملے کیے، تو روس نے ہمیشہ وقتاً فوقتاً ہندوستان کا ساتھ دیا ہے۔ مزید کہا کہ روس نے ہمیشہ ہندوستان کی مدد کی ہے — چاہے وہ ہتھیاروں کی فراہمی ہو یا اقوام متحدہ اور سلامتی کونسل میں اپنی ویٹو پاور کا استعمال۔ یہ اچھی بات ہے کہ روسی صدر ہندوستان آ رہے ہیں۔ اگر ہمارے تعلقات مزید بہتر ہوتے ہیں تو یہ انتہائی مثبت قدم ہوگا۔ عمر عبداللہ کا یہ بھی کہنا تھا کہ اگر ہندوستان–روس تعلقات کی بہتری سے کسی دوسرے ملک کو فائدہ ہوتا ہے، تو اس پر اعتراض نہیں ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے وزیرِ اعظم کے پوتن کے ساتھ بہت اچھے تعلقات ہیں، اور اگر اس سے یوکرین کو کسی طرح فائدہ پہنچتا ہے، اگر ہم روس کو امن کی راہ اختیار کرنے اور یوکرین پر حملے روکنے کے لیے قائل کر سکیں، تو میرے خیال میں یہ سب کی کامیابی ہوگی۔



# چھتیس گڑھ: تصادم، اب تک 18 لاشیں برآمد

بیجاپور (چھتیس گڑھ): چھتیس گڑھ کے بیجاپور ضلع میں بدھ کو سکیورٹی فورسز اور نکسلائیٹس کے درمیان ہوئی مسلح جھڑپ کے بعد جمعرات کی صبح تک مزید چھ نکسلائیٹس کی لاشیں برآمد کی گئی ہیں۔ علاقے میں سرچ آپریشن بدستور جاری ہے۔ پولیس افسران نے جمعرات کو یہ معلومات دیں۔ انہوں نے بتایا کہ اس کے ساتھ ہی جھڑپ میں مارے گئے نکسلائیٹس کی تعداد بڑھ کر 18 ہو گئی ہے۔ اس جھڑپ میں ریاستی پولیس کی یونٹ ڈسٹرکٹ ریزرو گارڈ (DRG) کے تین جوان بھی شہید ہوئے ہیں۔ بستر رینج کے انسپکٹر جنرل آف پولیس (آئی جی) سندر راج پی نے بتایا کہ تقریباً 12 گھنٹے تک وقفے وقفے سے جاری فائر بندی کے بعد بدھ کی شام تک 12 نکسلائیٹس کی لاشیں مل چکی تھیں۔ انہوں نے بتایا کہ جمعرات صبح علاقے میں جاری سرچ آپریشن کے دوران مزید چھ لاشیں ملیں، جس کے بعد مرنے والوں کی تعداد بڑھ کر 18 ہو گئی۔ علاقے میں آپریشن اب بھی جاری ہے۔ سندر راج نے بتایا کہ اس کارروائی میں دنتے واڑہ اور بیجاپور کے ڈی آر جی، ایس ٹی ایف اور سی آر پی ایف کی BRA بٹالین کے اہلکار شامل تھے۔ انہوں نے کہا کہ یہ آپریشن علاقے میں ماؤوادیوں کی ویسٹ بستر ڈویژن اور PLGA کمپنی نمبر 2 کی سرگرمیوں کی اطلاع کی بنیاد پر شروع کیا گیا تھا۔

# ایس آئی آر: ڈیجیٹلائزیشن اور ووٹر میپنگ میں راجستھان سرفہرست

جے پور: ملک بھر میں ووٹر لسٹ کی خصوصی نظرِ ثانی (ایس آئی آر) کا عمل جاری ہے۔ بہار کے بعد یہ مہم اب دوسرے مرحلے میں داخل ہو چکی ہے اور 12 ریاستوں و مرکز کے زیرِ انتظام علاقوں میں بیک وقت جاری ہے۔ اسی دوران الیکشن کمیشن (ای سی آئی) نے بتایا ہے کہ راجستھان گنتی فارم (ای ایف) کی ڈیجیٹلائزیشن میں ملک بھر میں سرفہرست ہے۔ ای سی آئی کے تازہ ترین اعداد و شمار کے مطابق 47.5 کروڑ، یعنی 93 فیصد سے زیادہ گنتی فارموں کی ڈیجیٹلائزیشن مکمل ہو چکی ہے۔ ایس آئی آر مہم کے تحت 12 ریاستوں اور مرکز کے زیرِ انتظام علاقوں میں جاری ووٹر ویریفائی پروگرام میں اب تک 99.83 فیصد یعنی 50.88 کروڑ سے زیادہ ووٹروں تک ای ایف پہنچ چکے ہیں۔ اس کا مطلب ہے کہ تصدیق کا عمل تقریباً ہر گھر تک پہنچ چکا ہے۔ راجستھان کے چیف الیکٹورل آفیسر نوین مہاجن نے بتایا کہ ریاست میں کل 5.46 کروڑ گنتی فارموں میں سے 5.43 کروڑ سے زیادہ فارم ’ای سی آئی نیٹ‘ پر اپلوڈ جا چکے ہیں، یہ 99.5 فیصد سے زیادہ کام ہے، جسے مقررہ وقت سے پہلے ہی مکمل کر لیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ اس سے ثابت ہوتا ہے کہ ریاست میں ٹیم ورک، ٹیکنالوجی اور زمینی سطح پر کام کے درمیان بہترین تال میل رہا ہے۔ اطلاعات کے مطابق راجستھان نے ڈیجیٹلائزیشن میں ہی نہیں بلکہ ووٹر میپنگ میں بھی شاندار مظاہرہ کیا ہے۔

ریاست میں 95 فیصد سے زیادہ نقشہ سازی کا کام پورا ہو چکا ہے۔ 9 اسمبلی حلقے کپاسن، بیتو، سالمبر، لوہاوٹ، نگر، سیکری، اوسیان، شاہ پورہ اور بامن واس نے اپنی نقشہ سازی کا 99 فیصد سے زیادہ کر دکھایا ہے۔ کپاسن سب سے آگے ہے جہاں 2.73 لاکھ ووٹروں میں سے 99.46 فیصد نقشہ سازی مکمل کر لی گئی ہے۔ اب یہاں صرف 1500 لوگوں کو ہی اپنے دستاویزات جمع کرانے ہیں۔ ووٹر میپنگ مکمل ہونے سے ووٹروں کو مختلف سہولیات حاصل ہوں گی۔ اس سے نہ صرف درستگی میں اضافہ ہوگا بلکہ اضافی کاغذی کارروائی کے بغیر ووٹر لسٹ کی تصدیق اور خدمات میں تیزی آئے گی۔ یہ حصولیابی 46 ہزار بوتھ لیول آفیسران (بی ایل او) کی محنت کا نتیجہ ہے۔ راجستھان کے باڑمیر، سالمبر، بلوترا، جھالاواڑ، پھلودی، بھرت پور، چورو، دوسہ اور باراں اضلاع نے 100 فیصد ڈیجیٹلائزیشن کر کے ملک کے لیے مثال قائم کی ہے۔



# قوانین کی خلاف ورزی پر احمد آباد میں 9 اسپتال سیل

احمد آباد: گجرات میں احمد آباد میونسپل کارپوریشن نے عوامی تحفظ یقینی بنانے کے لیے غیر قانونی طور پر چل رہے متعدد طبی مراکز پر بڑی کارروائی کی ہے۔ شہر کے جنوب مغربی زون میں ایسے 9 اسپتالوں کو سیل کر دیا گیا ہے جو بلڈنگ یوز (بی یو) کی ضروری اجازت کے بغیر خدمات فراہم کر رہے تھے۔ کارپوریشن کے مطابق متعلقہ اسپتالوں کو تین بار نوٹس اور زبانی وارننگ جاری کی گئی تھی لیکن تعمیرات کو ریگولرائز نہیں کرایا گیا۔ ضابطوں کی اس سنگین خلاف ورزی کے پیشِ نظر اے ایم سی نے فوری طور پر عمارتوں کو بند کرنے کا فیصلہ کیا۔ احمد آباد میونسپل کارپوریشن کے جنوب مغربی زون کے محکمہ اسٹیٹ نے آج صبح میگا مہم ڈرائیو چلا کر شہر کے رہائشیوں کی صحت اور سیکورٹی سے کھلواڑ کرنے والے اسپتالوں کے خلاف سخت کارروائی کی۔ انتظامیہ کے مطابق ان اسپتالوں کے پاس مجاز بی یو اجازت نہیں تھی۔ انہیں گجرات ریگولرائزیشن آف ان اتھرائزڈ ڈیولپمنٹ ایکٹ 2022 (جی آر یو ڈی اے) کے تحت تعمیرات کو باقاعدہ کرانے کا موقع بھی دیا گیا تھا۔ کارپوریشن کی جانب سے 3 نوٹس بھیجے جانے کے باوجود اسپتال آپریٹروں نے اس معاملے پر سنجیدگی کا مظاہرہ نہیں کیا۔ جب افسران نے چھان بین کی تو آپریٹروں نے استعمال کی اجازت یا تعمیرات کو جائز ٹھہرانے والے کوئی بھی دستاویز یا ثبوت پیش نہیں کیے۔ قانونی عمل پورا کئے بغیر اسپتال کا استعمال جاری رکھنا سنگین لاپرواہی کے زمرے میں آتا ہے اور اس وجہ سے اے ایم سی نے فوری طور پر ان جائیدادوں کو سیل کر دیا ہے۔ اس کارروائی میں شہر کے پوش اور ترقی یافتہ علاقوں کو شامل کیا گیا ہے۔ اس میں خاص طور پر ساو؟ تھ بوپل، ضحی پورہ، سرکھیج، مکتم پورہ، جودھ پور اور سندھو بھون روڈ علاقے شامل ہیں۔ سیل کیے گئے اسپتالوں میں آرتھوپیڈک، میٹرنٹی ہوم اور چلڈرن اسپتال شامل ہیں۔




# ججوں کی سروس کی عمر بڑھانے کا کوئی معاملہ سرکار کے زیرِ غور نہیں

نئی دہلی: حکومت نے جمعرات کو راجیہ سبھا میں کہا کہ ملک کی مختلف عدالتوں میں ججوں کی سروس کی عمر بڑھانے کا کوئی معاملہ فی الحال زیرِ غور نہیں ہے۔ اعلیٰ ایوان میں قانون اور انصاف کے وزیر ارجن رام میگھوال نے یہ بات بی جے پی کے سنجے سیٹھ کے سوال کے جواب میں کہی۔ سیٹھ نے ضمنی سوال پوچھ کر حکومت کی توجہ اس جانب مبذول کرائی کہ صحت کے شعبے میں اٹھائے گئے مختلف اقدامات کی وجہ سے ملک میں شہریوں کی اوسط عمر میں اضافہ ہوا ہے۔ سیٹھ نے کہا کہ امریکہ میں سپریم کورٹ کے جج عمر بھر خدمات انجام دیتے ہیں، جبکہ برطانیہ، بیلجیم، کینیڈا، آسٹریلیا وغیرہ میں ان کی عمر 70 سال تک ہے۔ انہوں نے بتایا کہ بھارت میں ضلع عدالتوں میں ججوں کی عمر 60 سال، ہائی کورٹ میں 62 سال اور سپریم کورٹ میں 65 سال ہے۔ سیٹھ نے حکومت سے یہ جاننا چاہا کہ عدالتوں میں زیر التوا کیسز کی بڑی تعداد کو مدنظر رکھتے ہوئے کیا وہ ججوں کی سروس کی عمر بڑھانے پر غور کر رہی ہے۔ اس کے جواب میں میگھوال نے کہا، ”اس وقت ایسا کوئی معاملہ زیرِ غور نہیں ہے۔“ قانون وزیر نے عدالتوں پر کیسز کے بھاری بوجھ سے متعلق ضمنی سوال کے جواب میں بتایا کہ حکومت نے نیشنل جوڈیشل ڈیٹا گرڈ بنایا ہے، جس میں کیسز کا تجزیہ کیا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سپریم کورٹ میں ایک کمیٹی موجود ہے جو دیکھتی ہے کہ کتنے کیسز 50 سال، 40 سال، 30 سال، 20 سال یا اس سے زیادہ پرانے ہیں، اور سپریم کورٹ ایسے کیسز کو جلد نمٹانے کی کوشش کرتی ہے۔

# مدینہ سے حیدرآباد جا رہے انڈیگو مسافر طیارہ کو ملی بم سے اڑانے کی دھمکی، احمد آباد میں کرائی گئی ایمرجنسی لینڈنگ

حیدرآباد: جمعرات (4 دسمبر) کو مدینہ سے حیدرآباد جا رہی انڈیگو کی پرواز 6E058 کو مبینہ طور پر بم کی دھمکی ملنے کے بعد احمد آباد ایئرپورٹ پر ایمرجنسی لینڈنگ کرانی پڑی ہے۔ پرواز میں 180 مسافروں کے علاوہ عملہ کے 6 اہلکار بھی سوار تھے۔ 2 روز قبل بھی انڈیگو کے ایک مسافر طیارہ میں انسانی بم ہونے کی دھمکی کے سبب ممبئی ایئرپورٹ پر ایمرجنسی لینڈنگ کرانی پڑی تھی۔ ایئرپورٹ سے منسلک ذرائع نے بتایا کہ انڈیگو کی پرواز مدینہ سے حیدرآباد جا رہی تھی۔ اس درمیان طیارہ میں بم ہونے کی دھمکی ملی۔ دھمکی ملتے ہی افسران الرٹ موڈ پر آ گئے۔ ایسے میں پرواز کو احمد آباد ڈائیورٹ کرنا پڑا اور اس کی احمد آباد ایئرپورٹ پر ایمرجنسی لینڈنگ کرانی پڑی۔ ایئرپورٹ کے ذرائع کا کہنا ہے کہ طیارہ کی ایمرجنسی لینڈنگ کرائے جانے کے بعد اس میں سوار تمام مسافروں کو باہر نکالا گیا اور پھر اس کی جانچ کرائی گئی۔ بتایا جا رہا کہ ایک مسافر نے طیارہ میں بم ہونے کا دعویٰ کیا تھا، جس کے بعد افراتفری مچ گئی۔ طیارے کی جانچ پڑتال کے ساتھ ساتھ مشتبہ مسافر سے بھی پوچھ تاچھ کی جا رہی ہے۔ واضح رہے کہ 2 روز قبل منگل (2 دسمبر) کو بھی ایسی ہی ایک دھمکی کی خبر سامنے آئی تھی، جس کی وجہ سے کویت سے حیدرآباد جا رہی انڈیگو کی ایک پرواز کو ممبئی ڈائیورٹ کیا گیا اور وہاں پر ایمرجنسی لینڈنگ کرائی گئی تھی۔



